A talk on therapeutic

آپ کے دانت میں تکلیف ہے، درد ہو رہا ہے، یا کوئی اور پرابلم ہے، آپ کا دل و دماغ سوچتا ہے، کہ اسے کھینچ کر باہر نکال دیں، اور اکثر شدید دانت درد کے وقت، ایسی ہی کیفیت ہوتی ہے۔ اس کے لیے مائنڈ ربرک ہے۔

Mind teeth,pulled out wants a tooth have

اس کی واحد ریمیڈی، ''بیلا ڈونا'' ہے۔

جڑے رہیے ہومیوپیتھی اور ہومیوپیتھ کے ساتھ، اور فیض پاتے رہیے (ان شاءاللہ)

(Saeed Sahu)

Todays Clanical Tip

اپنوں پر ستم، غیروں پر کرم

Acid Flour,Lyco,Sepia

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

گزری کل، میں نے ایک پوسٹ لگائی تھی، کہ اگر کوئی دوران گفتگو یا تقریر کرتے ہوئے، آنکھیں بند کر لیتا ہو تو، اس کی واحد ریمیڈی، نیٹرم میور ہے، اور آپ اس ربرک یا علامت کے زریعے، اس کیس میں داخل ہو سکتے ہیں۔ میری اس پوسٹ کے نیچے، ایک کمنٹ آیا کہ، ''فیاض الحسن چوہان''۔ واقعی، یہ چیز میری ابزرویشن میں ہے کہ، چوہان صاحب، تقریر کرتے ہوئے، یا میڈیا ٹاک کرتے ہوئے، آنکھیں بند رکھتے ہیں۔ تو ذہن میں خیال آیا کہ حریم شاہ والے (سکینڈل) معاملے کو بھی ساتھ ملا لیا جائے، تو نیٹ میور، کیریکٹر سٹک کے حساب سے نتھر کر سامنے آتی ہے۔

(Saeed Sahu)

A talk on politics 2

مختلف حکومتوں کی باری باری کرپشن سے، معاشی لحاظ سے، ہمارا ملک لائف سپورٹ (پین کلرز و وینٹیلیٹر) پر ہے، کتنے افسوس کی بات ہے کہ ہم مالیاتی اداروں سے قرض پروگرام منظور ہونے پر بھی، خوشیاں مناتے اور عوام کو مبارکبادیں دیتے ہیں، حالاں کہ ہمارا پیارے ملک، کو دن بدن قرضوں میں جکڑا جا رہا ہے، اور کیور کی بجائے، پیلیئیشن پر فوکس کیا جا رہا ہے۔ قرضے لے کر، کھاتی ایلیٹ کلاس

ہے،اور مختلف ٹیکسز اور مہنگائی کی صورت میں،بھگتتے عوام ہیں۔خدارا،ملک کو وقتی افاقے سے ہٹا کر،انٹرکرنٹ ریمیڈی کے طور پر،ہومیو پیتھک نوسوڈز دیجیے،لوٹی ہوئی ملکی دولت،واپس قومی خزانے میں لایئے۔

(Saeed Sahu)

A talk on politics

عالمی منڈی میں،تیل کی قیمتیں،اچھی خاصی گرنے کے باوجود،پاکستان میں معمولی کمی،عوام کے لیے ایک لالی پاپ یا الیکشن سٹنٹ (پاکھنڈ) تو ہوسکتا ہے،حقیقی ریلیف نہیں۔

(Saeed Sahu)

Mind & Homoeopathy

آپ نے نوٹ یا ابزرو کیا ہوگا،کہ کچھ لوگ،بات کرتے ہوئے،تقریر کرتے ہوئے،اپنی آنکھیں بند کر لیتے ہیں،اس کے لیے ریپرٹری ربرک ہے،

Mind talking,closed eyes with

اس کی ایک ہی ریمیڈی،''نیٹرم میور'' ہے۔آپ کسی بھی کیس میں،اس ایک علامت کے زریعے داخل ہوسکتے ہیں۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

سابق جنرل پرویز مشرف صاحب،آج کل شدید علیل ہیں،اور زندگی وموت کی کشمکش میں مبتلا ہیں،بلکہ کلینیکلی ان کی ڈیتھ ہوچکی ہے(اللہ تعالی،ان کے لیے آسانیاں پیدا فرمائے،آمین)۔وہ ایک نایاب ون لاعلاج بیماری Amyloydosis میں مبتلا ہیں،جو صرف دنیا بھر میں،25 لوگوں کو ہے،اس بیماری میں پروٹین کی اتنی اوور پروڈکشن ہوتی ہے،کہ وہ جسم کے تمام اعضا کو آہستہ آہستہ ڈیمج کرنا شروع کر دیتی ہے۔میں ایک وڈیو میں،اس کی علامات کے بارے میں جانکاری لے رہا تھا،تو سسمپٹمز کو سن کر،میرے ذہن میں،ہومیو پیتھک نوسوڈز،سرکل بنا رہے تھے،خاص طور پر زیادہ علامات،سفلینیم سے متعلق،معلوم ہو رہی تھیں۔کیا،ہی اچھا کہ ڈبلیو ایچ او،کمرشل ازم سے ہٹ کر،ہومیو پیتھی پر ریسرچ و پروموٹ کرے،تاکہ سو کالڈ لاعلاج بیماریوں کو ٹریٹ کرنے میں مدد مل سکے۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

کچھ ایسے مریض، جو آپ کو بتاتے ہیں کہ، بھوک لگنے کی صورت میں، ان کو سر درد شروع ہو جاتا ہے، جو کھا لینے سے کم یا ٹھیک ہو جاتا ہے، ان کا کیس ان چار ادویات میں دیکھیں،

Anacardium,Chelidonium,Lithium carb and Psorinum.

ان کے علاوہ، اور ادویات بھی ہیں، لیکن یہ بڑی ادویات ہیں۔

(Saeed Sahu)

A short talk on Lachesis

اگر، آپ لیکیسس کو پازیٹیو لی لیں، تو یہ طاقت وحکمرانی کا سمبل ہے، اور اگر بطور منفیت لیں، تو یہ شیطانیت کا ٹریڈ مارک ہے۔ سوچ اپنی اپنی، عمل اپنا اپنا۔

(Saeed Sahu)

Todays talk

(ہومیوپیتھی کی جامع تعریف، میری نظر میں)

میں پوسٹ کے متن سے مکمل اتفاق کرتا ہوں، کہ مدر ٹنکچرز میں وہ حرکی توانائی موجود نہیں ہوتی، جو ڈائنامک پوٹینسی میں ہے۔ دراصل ہم ابھی تک ہومیوپیتھی کی جامع تعریف متعین نہیں کر پائے، ہر کسی کے پاس مختلف ہائپوتھیسس ہیں، کچھ لوگ صرف اعلی طاقتوں کو ہومیوپیتھی سمجھتے ہیں، اور کچھ صرف مدر ٹنکچرز اور چھوٹی طاقتوں کو، جن میں کروڈ فارم کے مادی اجزا موجود ہوتے ہیں۔ میں بھی ادویات کی اعلی طاقتوں کا دلدادہ ہوں، بلکہ جھنڈے لہرا کر دلدادہ ہوں، لیکن بوقت ضرورت چھوٹی طاقتوں کے استعمال کو بھی عار نہیں سمجھتا، خود صاحب پوسٹ، جن کی یہ پوسٹ ہے، وہ خود بھی اعلی طاقتوں کے ساتھ، مدر ٹنکچرز یا چھوٹی طاقتوں کا استعمال کرواتے ہیں، میں نے خود ان کے بیان کردہ کیسز میں کالنسونیا 3x کے استعمال کا تذکرہ پڑھا ہے۔ خود بانی ہومیوپیتھ بھی، اپنی پریکٹس میں چھوٹی طاقتوں کا استعمال کرواتے رہے۔ کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ، ہم تمام کیسز نہ تو اعلی طاقتوں سے ٹھیک کر سکتے ہیں، اور نہ ہی صرف چھوٹی طاقتوں سے؟ بس، ہمیں وہی کرنا چاہیے، جو کیس کی نوعیت ڈیمانڈ کرتی ہے۔ ہومیوپیتھی کو ملٹی ڈائمینشنل رہنے دینا چاہیے، نا کہ سنگل ڈائمینشنل۔

ہومیوپیتھی کی جامع تعریف یہ ہے کہ یہ کیس کی نوعیت کے مطابق، بالمثل اور چھوٹی پوٹینسیز کی صورت میں، بالضد دونوں پر مشتمل ہے۔

آپ سب کو میرے ویوز سے اختلاف رائے کا حق حاصل ہے۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

آج کل عید کے دنوں میں، متواتر یا زیادہ گوشت کھانے سے، کسی کو دانت درد ہونے لگے، تو میری ڈاکٹری سینس کے تحت، پہلی بالمثل دوا، پائیروجینم ہوگی، کیونکہ گوشت کھانے سے، دانتوں میں پھنسنے والے، گوشت کے ریشوں سے، پیدا ہونے والی سرانڈ وانفیکش، جسے پائیروجن انفیکشن کہا جاتا ہے، میں ''پائیروجینم'' ہی کام آنے والی ریمیڈی ہے۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

ایک ہی کیس کی تین مائنڈ ربرکس کو، دو مختلف ریپرٹریز، کینٹ اور سینتھیسز میں ریپرٹرائز کیا گیا، تو گریڈنگ کے لحاظ سے مختلف رزلٹ آیا، دراصل کینٹ ریپرٹری میں ربرکس کی ادویات کم دی گئی ہیں، اور سینتھسز میں زیادہ، پھر گریڈنگ میں بھی فرق ہے۔ رزلٹ مختلف ہونے کی صورت میں، کس کو ترجیح دی جائے

(Saeed Sahu)

Mind & Homoeopathy

سخاوت، کا مطلب ہے، ہاتھ کا کھلا ہونا، یا سخی ہونا، اس کے لیے مائنڈ ربرک ہے،

Mind generous too

اس ربرک کے تحت، کل 18 ادویات ہیں، جن میں Vanila aromatica بڑی دوا ہے، اس ربرک سے متعلق لوگ، سخی ہوتے ہیں، مانگو 100 تو دیتے 1000 ہیں۔ اس ربرک کی ایک اور مترادف یا کراس ربرک ہے،

Mind benevolence

اس ربرک سے متعلق، لوگ بھی انتہاء مددگار رہوتے ہیں، یہ والیٹیئر لی دوسروں کی مدد کرتے ہیں، اس ربرک سے متعلق، 41 ادویات ہیں، جن میں سے بڑی دوا، کارسینوسینم ہے۔ ان دونوں ربرکس کے الٹ، ایک ربرک ہے

Mind helping aversion to helps others

اس کی تین ادویات، کلکیر یا کارب، پلاٹینا اور سیلیشیا ہیں، کلکیر یا اور سیلیشیا، پولی کریسٹ ہونے کے ناطے، سچوئیشن کے مطابق، اس کی الٹ ربرک میں بھی آتی ہیں۔

(Saeed Sahu)

Todays talk

There are three sources for gaining knowledge and learning ,

1-data collection

2-deep observation and

3- self experience .

(Saeed Sahu)

Clinical tip

1..Degeneration of spinal cord...Pic acid

2..Uremia with anuria...Pic acid

(Saeed Sahu)

A professional talk

الحمداللہ، ہومیوپیتھی، کی ایک ایک ریمیڈی، ''سونے کے بھاؤ'' کی مستحق ہے، بشرطیکہ سکلڈ ہاتھوں میں ہو۔

(Saeed Sahu)

A professional talk

فیرم میٹ، اپنی علامات کے ساتھ، کمی خون کی بہترین دوا تو ہے ہی، لیکن آج میں، آپ کو اس کی کچھ اور جہتوں سے متعارف کرواتا ہوں، اگر کسی کو انڈا اراس نہ آتا ہو، بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہو، یا جسم پر چھپا کی نکل آتی ہو، یا انڈہ کھانے سے، غذا کی نالی میں جلن ہونے لگتی ہو، تو بھی فیرم میٹ شاندار کام کرتی ہے۔ گیسز کو کم کرتی ہے۔ ہومیو پیتھک ڈاکٹرز کے علم میں ہوگا، کہ اگر کوکنگ (کھانا پکنے کی خوشبو) کی سمیل سے متلی ہوتی ہو، تو ''کالچیکم'' بیسٹ دوا ہے، لیکن کھانا پکنے کے عمل کو دیکھنے سے، متلی ہوتی ہو تو، کون سی دوا ہوگی؟ نہیں نا معلوم؟ چلیں، کوئی بات نہیں، میں آپ کو بتاؤ دیتا ہوں، اس کی دوا، بھی ''فیرم میٹ'' ہوتی ہے۔

(Saeed Sahu)

An observational talk

فیس بک پر،علی احمد کرد کی جذباتی تقریر سننے کا موقع ملا،دو مائنڈر برکس نے،فوری طور پر ذہن پر knock کیا۔

1..Mind affectation

2..Mind gestures,makes gesture like an actor

(Saeed Sahu)

Homoeopathy**Mind &

(personality.. 3''Nux Vomica''short note on,A)

سٹرونگ ول پاور یعنی مضبوط قوت ارادی میں نکس وامیکا کا کوئی ثانی نہیں،یہ چیلنج قبول کرنیوالے اور ٹارگٹ اچیوور ہوتے ہیں،اگر بطور ڈرائیور یہ کسی سے ریس لگا بیٹھیں،تو گاڑی کو فل میٹر دوڑانے کا رسک بھی لے سکتے ہیں،میری فرینڈ لسٹ میں ایک ایسے دوست موجود ہیں،جو اپنی گاڑی فل سپیڈ میں دوڑاتے ہیں،یہ لوگ انتہائی باریک بین اور نکتہ چین ہوتے ہیں،چونکہ اپنے کام میں پرفیکشن کے قریب ہوتے ہیں،تو یہ خمار بھی رہتا ہے.اور کمزور قوت ارادی میں،سمفائیٹم کے بعد،''انا کارڈیم''ہاں اور ناں کے درمیان لٹکا رہتا ہے.

(Saeed Sahu)

Mind&Homoeopathy

''A short note on Nux vomica personality*)

نکس،مزاج کا جوشیلا اور کڑوا(چڑچڑا) تو ہوتا ہے،لیکن اس کا سارا فوکس اپنے کام کی اچھی کوالٹی اور پرفیکشن پر رہتا ہے،نکس،اگر کوئی کام اوٹ لے یا کرنے کا فیصلہ کرلے،تو سمجھیں،ہوگیا۔نکس،جس بھی شعبے میں ہو،ڈرائیور ہو،کلرک ہو یا کسی بھی شعبے میں،اہم عہدے پر فائز ہو،اپنے کام میں پرفیکشن کی وجہ سے،کسی غیر اصولی بات ہر،اپنے باس یا ہیڈ کو بھی،سنانے سے باز نہیں رہ سکتا،اور باس یا بزنس مین،اس کے کام کی کوالٹی یا پرفیکشن کی وجہ سے،اس کی کڑوی کسیلی باتوں کو برداشت کرنے پر مجبور ہوتا ہے،اس کا باس سوچتا ہے،کہ میں اسے ہزاروں دے کر،اس کے کام کے زریعے،لاکھوں کھرے کرتا ہوں،کیا ہوا؟اگر مزاج کا تیز ہے تو۔نکس،اپنا ذاتی نقصان تو برداشت کرلیتا ہے،لیکن کوالٹی پر کمپرومائز نہیں کرتا۔بزنس مین،نکس کی اسی خصوصیت سے فائدہ اٹھاتے ہوئے،بعض اوقات اسے،''فول'' بھی بنالیتا ہے۔قارئین،جس طرح،اگنیشیا کے مائنڈ سیٹ کو سامنے رکھتے ہوئے،اسے ہم مس رائٹ کہہ سکتے ہیں،اسی طرح نکس وامیکا کو مسٹر پرفیکشنسٹ کہا جاسکتا ہے۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

اگر،کوئی بچہ،والدین کی اتھارٹی کو نہ مانے،انھیں ہروقت کٹہرے میں کھڑا رکھے(آپ نے میرے لیے کیا کیا؟)نافرمان و گستاخ ہو،والدین کے ساتھ،آئٹ آف دی باکس،رویئہ رکھے،انارکسٹ ہو،باغی ہو،تو میرے کہنے پر،ایک بار،''کاسٹیکم'' پرضرورغور کر لیجیے گا۔اس کے لیے،ریپرٹری کی دوربرکس ریپرٹرائز کر لیجیے گا۔

1..Mind defiant

2..Mind insolence children in

(Saeed Sahu)

Mind & Homoeopathy

اگر،کوئی مجھ سے کہے،کہ نکس وامیکا کے''مائنڈ سیٹ'' کو چار الفاظ میں لکھنا ہے،پانچواں لفظ نہیں ہونا چاہیے،تو میرا جواب یہ ہوگا،

I can do it.

ان شاءاللہ،

نکس سے بڑھ کر،ایمبیشیئس،چیلنج قبول کرنے والا اور اچیوور؟

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic 2

کل شام ایک 40 سالہ مریض تشریف لائے،جو کہ شوگر کے پرانے پیشنٹ ہیں،اور صبح وشام،انسولین انجیکٹ کرتے ہیں۔میرے پاس یہ اپنے منہ کے اندر ہونے والے زخموں کے لیے علاج کے لیے تشریف لائے تھے،کہنے لگے،میرے منہ کے اندر ایک سال سے زخم ہیں،مرچیں بالکل نہیں کھا سکتا،روٹی بھی زخموں کو چبھتی ہے۔منہ کے معائنے سے پتہ چلا کہ منہ میں واقعی زخم ہیں،تالو پر بھی ایک زخم تھا۔پیشے کے لحاظ سے ڈرائیور ہیں،شہہ زور ڈالا چلاتے ہیں۔آجکل بیماری کی وجہ سے چھٹی پر ہیں۔میں نے پوچھا،کہ آپ کے ان زخموں کی وجہ کیا ہے؟بتانے لگے کہ میرے ان زخموں کی وجہ،ویاگرا کی گولیوں کا استعمال ہے،جو میں ڈایابیٹک ہونے کی وجہ سے کرتا رہا یوں،یہی کنفرم وجہ ہے۔ریپرٹری میں ایک مائنڈ ربرک ہے۔

Mind delusions injury,being injured is

بس کیس میں داخل ہونے کے لیے،میرے لیے یہ ربرک کافی تھی،قارئین!لیکیسس کا مریض،دوران گفتگو،اپنی بیماری کی وجہ ضرور بتاتا

ہے، چاہے وہ درست ہو یا نہیں۔لیکن اس کے ذہن کے مطابق، کنفرم ہوتی ہے۔لیکیسس کی باقی بڑی علامات، بھی اس میں کنفرم ہوگئیں، لیکیسس 1m کی ایک خوراک دینے کے کچھ ہی دیر میں، اس نے اوورآل بہتری محسوس کی۔آج صبح بذریعہ فون کال کنفرم کیا کہ منہ کے زخموں میں بھی کافی بہتری محسوس کررہا ہوں۔الحَمْدُ لِلہ

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

عام طور پر، ایک صحت مند فرد کا نارمل حالات میں، 120-80 بلڈ پریشر، آئیڈیل یا درست تصور کیا جاتا ہے، البتہ عمر کے لحاظ سے، اس میں ایک خاص حد تک کمی بیشی ہوسکتی ہے۔اگر لیپڈز درست ہوں اور ہارٹ، درست انداز میں فنکشن کررہا ہوتو، سسٹالک اور ڈایاسٹالک بلڈ پریشر میں، بٹوین ڈیفرینس 40 ہونا چاہیے۔اگر، کسی وجہ سے، ان دونوں فگرز کا درمیانی فرق، 40 سے کم یا زیادہ ہوجائے، تو اس کے پس پشت، کوئی ریزن ہوسکتی ہے۔

1.. اگر اوپر والا بلڈ پریشر بہت زیادہ ہو اور نیچے والا بہت کم ہو، اور درمیانی فرق یا وقفہ، 40 سے زیادہ ہوتو، اس کی ریمیڈی، ''برائٹا میور'' ہوتی ہے۔میرے مشاہدہ میں، اکثر ایسے کیسز بڑھاپے کی عمر میں آئے ہیں۔

2.. اگر اوپر والا بی پی نارمل ہو یا نارمل سے تھوڑا زیادہ ہوتو، اور نیچے والا بی پی زیادہ رہتا ہو، اور بٹوین ڈیفرینس، 40 سے کم ہوتو، اسے کیسز میں، ''کریٹیگس'' مدر ٹنکچر کی بجا?، 30 طاقت میں دینے سے اچھے رزلٹ ملے ہیں۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

آپ ہائی بلڈ پریشر کے مریضوں میں، کریٹی گس مدر ٹنکچر میں استعمال کرواتے ہونگے، کریٹی گس 30 بھی بہت اچھا کام کرتی ہے، اگر اوپر والا بی پی نارمل اور ڈایاسٹالک زیادہ رہتا ہوتو، 30 پوٹینسی میں، شاندار کام کرتی ہے، ان شاءاللہ

(Saeed Sahu)

An observational talk

ہومیوپیتھک ریپرٹری میں، ایک ربرک ہے،

Mind absorbed

اپنے آپ کو کسی کام میں، جذب کرلینا، غرق کرلینا، وقف کردینا۔مقصد کے حصول کے لیے، اللہ تعالی کی عطا کردہ صلاحیتوں کا یکسو ہو کرو، ڈوب کر استعمال کرنا۔

ابھی تھوڑی دیر پہلے، ہیئر کٹنگ کروا کر آ رہا تھا، تو ایک ہومیوڈاکٹر نے اپنے کلینک پر، کلینک کے سائن بورڈ کے علاوہ، سٹیٹ لائف انشورنس اور پراپرٹی ڈیلر ہونے کے بورڈز بھی لگا رکھے تھے، سوچ آئی کہ اسے، معالج یا ڈاکٹر کون مانتا ہوگا؟ میری پریکٹس کے شروع کے سخت دنوں میں، مجھے بھی کچھ خیر خواہوں نے، ساتھ کوئی، ایڈیشنل بزنس کرنے کا کہا، میرا جواب ہوتا، کہ پھر مجھے ڈاکٹر کون مانے گا؟ میں بنا ہی ڈاکٹری کے لیے ہوں، تو کوئی اور بزنس یا دوکانداری ساتھ کیوں کروں؟ خیر، میں نے ربرک کے مصداق، اپنے آپ کو اپنے پروفیشن، مقصد میں جذب یا غرق کر لیا۔ الحمدللہ، اب ہر لحاظ سے اللہ تعالی کا شکر ہے۔ سو، ماسٹر آف نن کی بجائے، ماسٹر آف ون بنیں۔

(Saeed Sahu)

Today's talk

(Characteristics of some remedies)

''اگنیشیا'' وفا شعار ہوتی ہے، وفاؤں کی شہزادی ہوتی ہے. ''پلسٹلا اور تھوجا'' اسی کی ہوتی ہیں، اور اس وقت تک ہوتی ہیں، جب تک کوئی، ان کے منہ میں ہاتھ دیئے رکھتا ہے۔ ''نیٹرم میور'' دل پھینک ہوتی ہیں، اور ''لووودرانگ اینڈ ان میچڈ پرسن'' نیٹرم میور کا خاصہ ہے۔ ''سیپیا'' سے اللہ کی پناہ، اسے پیار کے معنی سے کیا مطلب؟ اسے بس گھریلو کاموں کی فکر ہوتی ہے۔ ''پلاٹینا'' قیمتی دھات سے بنتی ہے، یہ نک چڑھی و مغرور ہوتی ہیں۔ ''لیک کینیم'' سٹیج اور فلمی اداکارائیں، راکھیلیں اور داشتائیں، لیک کینینم ہوتی ہیں۔ ''کالی کارب'' سفید رنگت، اوپری پپوٹے بھاری، خوبصورت اور غضب کی کریئیٹو ایکٹنگ کرتی ہیں، اگر ایکٹنگ کے شعبے میں ہوں تو۔

(Saeed Sahu)

نیپال کا وزیراعظم شیشیل کورالا...!!!

??شیشیل کورالا فقیرانہ وزیراعظم 2014ء میں نیپال کا وزیراعظم بن گیا۔

پہلے دن جب اپنے سرکاری دفتر پہنچا.

تو انتہائی سستی قیمت کے کپڑے پہن رکھے تھے۔۔

لباس کی مجموعی قیمت دوسو روپے سے بھی کم تھی۔

سر پر انتہائی پرانی ٹوپی اور پیروں میں کھردری سی چپل۔

وہاں ویٹر یا نائب قاصد کے کپڑے بھی شیشیل کورالا سے بہت بہتر تھے۔

منتخب وزیراعظم کو ان کے دفتر لیجایا گیا۔

دفتر کے باہر چپل اُتاری اور ننگے پاؤں چلتا ہوا کرسی پر چوکڑی مار کر بیٹھ گیا۔

سیکریٹری اور دیگر عملے کے اوسان خطا ہو گئے۔

کہ یہ کس طرح ملک کے لوگوں سے ووٹ کی طاقت سے وزیراعظم بن گیا ھے۔

کورالا نے فائلیں منگوائی اور بڑی محنت سے کام شروع کر دیا۔

سیکریٹری دو گھنٹے اپنے کمرے میں انتظار کرتا رہا کہ باس اب بلائے گا یا اب۔

اس نے کئی بار چپڑاسی سے پوچھا۔

کہ مجھے وزیراعظم نے تو نہیں بلایا۔

چپڑاسی شرمندگی سے جواب دیتا تھا کہ نہیں۔

ابھی تک انھوں نے کسی کو بھی بلانے کے لیے نہیں کہا۔۔۔

پورا دن گزر گیا۔

شیشیل سرکاری کام کر کے بڑے آرام سے واپس چلا گیا۔

سختی سے منع کیا۔

کہ کوئی بھی اسے خوش آمدید کہنے یا خدا حافظ کہنے نہ آئے۔

یعنی اس نے ہر طرح کے پروٹوکول کو ختم کر دیا۔

اسی صورتحال میں ایک ہفتہ گزر گیا۔

تمام عملہ بیکار بیٹھا رہا۔

وزیراعظم ٹھیک آٹھ بجے صبح دفتر آتا تھا۔

رات گئے تک کام کرتا تھا۔

پھر بڑے آرام سے چلا جاتا تھا۔۔۔

ایک ہفتہ بعد سیکریٹری نے کورالا کو چٹ بھجوائی کہ وہ اسے کسی سرکاری کام سے ملنا چاہتا ھے۔

چٹ بھجوائے ہوئے دو چار منٹ ہوئے تھے۔

کہ وزیراعظم خود اس کے کمرے میں آ گیا۔

اور تہذیب سے پوچھا کہ فرمائیے،

کیا کام ھے...؟

سیکریٹری کی جان نکل گئی۔

کہ ملک کا وزیراعظم اس کے دفتر میں آ کر کام پوچھ رہا ھے۔

کرسی سے کھڑا ہو گیا۔

لجاجت سے کورالا کو کہا.

کہ سر قانون کے مطابق بطور وزیر اعظم آپ نے اثاثے ڈیکلیئر کرنے ہیں۔

وزیر اعظم نے سیکریٹری سے فارم لیا اور خاموشی سے اپنے دفتر چلا گیا۔

شام کو فارم واپس آیا.

تو سیکریٹری نے پڑھنا شروع کر دیا۔

اثاثوں کا کاغذ دیکھ کر آنکھیں باہر اُبل پڑی۔

درج تھا،

''میرے پاس کوئی گھر نہیں ھے۔

کوئی گاڑی بھی نہیں ہے.

کیونکہ میں بس میں سفر کرتا ہوں۔

کسی قسم کی کوئی جائیداد، پلاٹ، زیور، سونا، ہیرے بھی نہیں ہیں۔

جہاں تک زرعی زمین کا تعلق ہے،

ساری زمین خیر

Clinical tip of the day

A unique symptom

Medorrhinum is only remedy for kidney pain with craving for ice. Pain is kidney region better by profuse urination.

(Saeed Sahu)

Mind method & Homoeopathy

ہومیوپیتھک ریپرٹری میں ایک ربرک ہے،

Mind driving,desire for driving fast.

اس ربرک کی آٹھ ادویات ہیں، جو

lc,Hydrogen,mag.sil,Medho,Nux,Oncor.t,TUB.-Haliae/r,-q-pe,Galla-Aur,Falco

اس ربرک میں ایک ریمیڈی ہے، **pe.-Falco** یہ ریمیڈی مسافر یا ہجرتی باز، کے پنکھ کو کھینچ کر نکلنے والے خون سے تیار ہوتی ہے، اس ریمیڈی کا ڈرائیونگ تھیم یہ ہے کہ، یہ بہت ریش ڈرائیونگ کرتا ہے، مرنے یا پیش آنے والے خطرات کو جوتے کی نوک پر رکھتا ہے، بس ہواؤں میں اڑنا چاہتا ہے، تاروں کو چھونا چاہتا ہے، ون ویلنگ اور کرتب بازیاں دکھاتا ہے، اس میں ایک عجیب علامت پائی جاتی ہے، کہ وہ گول دائرے میں بائیک یا گاڑی دوڑانا نہیں، بلکہ فیلکن کی طرح اڑانا چاہتا ہے، اس تناظر میں، یہ آج کل کے نوجوانوں اور سرکس یا موت کے کنوؤں میں، بائیکس اور گاڑیاں دوڑانے والوں کے لیے بہت اہم دوا بن جاتی ہے۔

(Saeed Sahu)

An imp talk

(وائرل لمپی سکن ڈیزیز اور ہومیوپیتھی)

کیٹل فارمرز متوجہ ہوں! الحمداللہ، شکرالحمداللہ، شروع میں کچھ ناکامی کے بعد، چند روزہ انہماک، یکسوئی، مختلف اینگلز سے سوچ بچار و تحقیق کے بعد، لمپی جیسے موذی مرض کے علاج کے سلسلے میں، صرف پانچ چھ ڈوزز (دو دن) کے استعمال کے بعد، نہایت ہی حوصلہ افزا و باعث اطمینان، رزلٹس ملنا شروع ہو گئے ہیں۔ اچھی خوش خبریاں مل رہی ہیں۔ ٹمپریچر نارمل ہونے کے ساتھ، ٹیومرز یا گلٹیاں، ختم ہو رہی ہیں۔ یقین نہ کرنے والوں کو، فارمر کا کونیکٹ نمبر دیا جاسکتا ہے۔ لمپی کے علاج کے لیے، پورے ملک میں، کوریئر کے زریعے سپلائی جاری ہے۔

Contact:03047169184,,03346808659

ہومیوپیتھک ڈاکٹرز کے لیے، رہنمائی۔

جو ہومیوڈاکٹرز، ہیومن پریکٹس کے ساتھ، ویٹرنری پریکٹس بھی کر رہے ہیں، وہ علاج کے لیے درج ذیل پوائنٹس پر غور کریں۔

1.. وائرل ڈیزیزز سے متعلق ادویات

2.. انفیکشیئس فیور سے متعلق ادویات

3.. ٹیومرز یا گلٹیوں سے متعلق ادویات۔

(Saeed Sahu)

Todays talk

قانون مماثلت بھی کیا کمال چیز ہے۔ کردار بندے کی شکل بدل کر رکھ دیتا ہے (فزیالوجی, اناٹومی کو بدل دیتی ہے). ہمارے ایک جاننے

والے کی اچھی بھلی شکل, اپنے مزاج و کردار کی وجہ سے بوتل جیسی ہوگئی ہے۔تھوڑی سی مزاج کے خلاف بات ہوء نہیں, اور جیسے سوڈے کی بوتل کا ڈھکن کھولتے ہیں۔ویسا ہی ری ایکشن۔آپ کا مستقبل, آپکے ہاتھ میں ہے۔

ہومیو پیتھک ڈاکٹر سعید اختر سہو۔

Today's talk

الحمداللہ، ہومیوپیتھی علم کا سمندر ہے،اور ہومیو پیتھک ریمیڈ یز،سمندر کی موجوں یا لہروں کی مانند ہیں،ہم اگنیشیا کو،صرف غم کے بداثرات،ساءانگ وسوبنگ،ٹیڑھی گردن اورکونٹراڈکٹری یا متضاد علامات کے حوالے سے ہی جانتے ہیں،اور اگنیشیا،نیٹ میور اور سیپیا کو ایک دوسرے کی ہم پلہ یا سیکوئنس والی ریمیڈ یز سمجھتے ہیں،لیکن ہماری ایک ایک ریمیڈی کا تھیمی کینئس بہت وسیع ہے۔آج،اگنیشیا کو اس کی مائنڈ ربرکس کے حوالے سے،سننے،سٹڈی کرنے اور لرن کرنے کا موقع ملا،تو پتہ چلا کہ اگنیشیا،خاتون تو بأ کمال،وفادار و نبھا کرنے والی خاتون ہوتی ہے،نیٹ میور،پلسٹلا اور سیپیا،وفا میں،تو اس کی پاسنگ بھی نہیں۔نیٹ میور،تو دل آنے پر،ملازم یا ڈرائیور کے ساتھ بھاگ سکتی ہے،جب کہ اگنیشا،بہترین رازدار،نبھانے والی اور وفاؤں میں کٹ مرنے والی ہوتی ہے۔ماشاء اللہ

My salute to greatness of Ignatia amara

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

عام طور پر خیال کیا جاتا ہے،اور بالکل درست خیال کیا جاتا ہے کہ ادویات کے مدر ٹنکچرز،12 طاقت تک کی پوٹینسیز اور بایو کیمک ادویات ہومیو پیتھک نہیں ہیں۔کیونکہ ان میں مادیت کا عنصر موجود ہوتا ہے۔لیکن میرے خیال میں اگر آپ ہولسٹک پریکٹس کرنا چاہتے ہیں تو مدر ٹنکچرز،چھوٹی پوٹینسیز اور بایو کیمک سالٹس،آپکی کلینیکل ڈسپینسری کیلیے ناگزیر ہیں۔اور صرف اعلی طاقتوں پر مشتمل ڈسپنسری مکمل نہیں ہے۔میڈیکل سائنس،علاج بالمثل اور بالضد دونوں پر مشتمل ہے۔آپ ایک ہی لاٹھی سے سب کو نہیں ہانک سکتے۔یہ کیس ٹو کیس نوعیت پر منحصر ہے کہ مریض کو چھوٹی پوٹینسی کی ضرورت ہے یا اعلی طاقت کی۔کبھی پرا؟مری ایکشن والی دوا کی ضرورت ہوتی ہے اور کبھی سیکنڈری ایکشن والی دوا کی۔کامیاب پریکٹس کے لیے،آپکی ڈسپنسری میں دونوں قسم کے ٹولز ہونے چاہیں۔

(Saeed Sahu)

An observational talk 2

جانوروں میں پھیلی،وائرل سکن ڈیزیز،لمپی میں،جلد پر بنی گلٹیاں،سخت،چھونے سے پر درد،اور فصل کی طرح اگی و پھیلی ہوتی ہیں،انھیں کی

وجہ سے، متاثرہ جانور میں انفیکشیس فیور آتا ہے۔ ہمیں فارمولیشن کرتے وقت، ایسی ریمیڈی یا ریمیڈیز کا تعین کرنے کی ضرورت ہے، جو ان سب علامات کو کور کرنے کی پراپرٹی رکھتی ہوں۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

Characteristics of "cina" child.

1.Dont touch me

2.Dont look

3.Obstinate

4.Finger boring in nose

5.Empty chewing & grinding teeth,sleep during

6.Worms

7.Blue rings around eyes

8.Irritablity

9.White stools diarrhoea

10.Sleeps abdomen on

(Saeed Sahu)

An observational talk

کرونا اپی ڈیمک کی طرح، جانوروں (گائے، بچھڑوں، بیل) میں پھیلی وائرل سکن ڈیزیز لمپی کی ڈائمینشنز بھی بدل رہی ہیں، اس کی علامات اور جہتوں میں تبدیلی نوٹ کی گئی ہے، اس کے ساتھ ہی، اس کا پھیلاؤ بھی بڑھ رہا ہے۔ ہومیوپیتھی کے حوالے سے، اب ایک ہی پرائسکرپشن کی بجائے، اب سچوئیشن کے مطابق، ریمیڈی یا ریمیڈیز کو بدلنے کی ضرورت ہے۔ الحمداللہ، ولی ہومیو کلینک پر، ڈے ٹو ڈے، اس پر فوکس کرتے ہوئے، فالواپ کیا جا رہا ہے، اور بہتر انداز میں سرو کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

''فلورک ایسڈ'' کی سیکس ڈرائیو، ناخنوں اور بالوں سے متعلق امراض و علامات سے تو، آپ واقف ہی ہونگے، اس کی ایک اور اہم کیریکٹرسٹک سے آپ کو متعارف کرواتا ہوں، اس سے مماثل لوگ، کسی سے پیٹھ پیچھے کتنے ہی ناراض یا غصے میں ہوں، سامنے آنے یا مل بیٹھنے پر، جھاگ کی طرح بیٹھ جاتے ہیں، کول ہو جاتے ہیں۔

(Saeed Sahu)

An observational talk

ہومیوپیتھی پریکٹس میں، ہر کیس سموتھ ٹریک نہیں ہوتا۔ ہاں، البتہ بہت سارے اکیوٹ کیسز، سموتھ ٹریک ہو سکتے ہیں، کہ چند ڈوزز سے مسئلہ حل ہو جائے، کرانک کیسز کو ٹریٹ کرتے وقت، سپیڈ بریکر بھی آتے ہیں، یہی امتحان کا وقت ہوتا ہے، اگر کلنگ رہیں، تو اللہ تعالی راستہ دکھا دیتا ہے، لیکن انھیں کو، جن کی فسٹ پریئوریٹی، ہومیوپیتھی ہوتی ہے، جو دگڑ بگڑ یعنی کنفیوژ یا بے یقینے ہوتے ہیں، وہ کم ہی سروائیو کرتے ہیں۔ ہومیوپیتھی کرتے رہیے، ہومیوپیتھی جیتے رہیے۔

سدا رہے نام، اللہ کا

(Saeed Sahu)

Today's talk

Dear friends,

اسلام وعلیکم۔ الحمداللہ میں پچھلے 25 سال سے ہومیو ڈاکٹر کے طور پر **Human practice** کے ساتھ ساتھ **Veterinary practice** بھی کر رہا ہوں. جانوروں کا ایک موذی اور جان لیوا مرض **Uterus prolapse** جسے اوانس نکالنا بھی کہا جاتا ہے. اسے ایلوپیتھی میں نا قابل شفا خیال کیا جاتا ہے. الحمداللہ میں پچھلے 25 سالوں سے سینکڑوں جانوروں کا کامیاب علاج کر چکا ہوں. میری ریسرچ پراڈکٹ کا رزلٹ الحمداللہ اور انشاءاللہ 80 سے 90 پرسینٹ تک ہے۔ اسکے علاوہ جانوروں کے دوسرے امراض مثلا **Mastitis,Diarrhoea, Foot and mouth disease, Red water** وغیرہ وغیرہ میں بھی الحمداللہ **outstanding** رزلٹ لے چکا ہوں۔ ہومیوپیتھی، انسانوں کے ساتھ ساتھ، جانوروں کے لیے بھی ایک نعمت ثابت ہوئی ہے۔

(Saeed Sahu)

''A short note on Bryonia

مائنڈ کے لحاظ سے، برائی اونیا کا بیسک تھیم تھاٹ، بزنس و بارگینگ'' ہے۔ رشتوں میں بزنس، صحت کے ساتھ بارگینگ و بزنس، غرض، ہر

جگہ پر بزنس ہی بزنس۔ برائی اونیا، لینا چاہتا ہے، اور سلفر دینا چاہتا ہے، برائی اونیا، ٹیکنگ ہینڈ ہوتا ہے، اور سلفر، گیونگ ہینڈڈ۔ برائی اونیا، پیسہ بچانے کے لیے، ہر جگہ کمپرومائز و بارگین کرتا ہے، اس لحاظ سے دیکھا جائے، تو یہ اچھا مینیجر ہوتا ہے۔ برائی اونیا کی سوچ یہ ہوتی ہے کہ، چمڑی جاتی ہے تو جائے، پر دمڑی نہ جائے۔ یہ کمپرومائز بھی کرے گا، تو اپنا نفع نقصان، ضرور دیکھے گا۔ ہر کام میں، مول تول، کرے گا۔ نکس وامیکا، اپنے کام میں، کوالٹی و پرفیکشن چاہتا ہے، اور برائی اونیا، چاہتا ہے کہ بس کام چلتے رہنا چاہیے۔ برائی اونیا، ایموشنز لیس ہوتا ہے۔ اس کی ساری صلاحتیں، بزنس اور پیسے، کے گرد، ریوالو کرتی ہیں۔ آپ نے مشاہدہ کیا ہوگا کہ کچھ ڈاکٹرز، فیس بہت کم چارج کرتے ہیں، اور ان کے پاس، مریضوں کا رش رہتا ہے، یہ مریض، کم فیس ہونے کی وجہ سے، مہنیوں چلتے رہتے ہیں، ان پریکٹیشنرز کے پاس آنے والے اکثر مریض، برائی اونیا ہو سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ اسی سوچ کے مالک ہوتے ہیں، اور چاہتے ہیں، کہ خرچہ سے بچا جائے۔ برائی اونیا میں غربت کا خوف، تشویش اور ان سیکیوریٹی پائی جاتی ہے، اسی لیے یہ زیادہ سے زیادہ جمع کر لیتا ہے، اور خرچ کرنے میں بہت محتاط ہوتا ہے۔ اس کا تمام تر کنسرن، بزنس و دھندہ کے گرد، گھومتا ہے۔ باقی، ان شاءاللہ، اگلی نشست میں۔

(Saeed Sahu)

An observational talk

جدید دور کی بڑی بیماریوں، اینگزائٹی، ڈیپریشن، آئی بی ایس، بائی پولر ڈس آرڈر وغیرہ کا علاج، ہومیوپیتھی سے بڑھ کر کسی اور پیتھی میں نہیں۔ کارسینوسن، سٹافی، ارجنٹم نائٹ، آرسینک البم، نیٹرم میور، آرم میٹ، اگنیشیا، لیک لیپنم، ایکونائٹ وغیرہ بڑی ادویات ہیں۔

(Saeed Sahu)

A general talk

اے، ضدی لوگو، میں آپ سے مخاطب ہوں!

اگر آپ ضدی ہیں تو کوئی بات نہیں، میں آپ کو ایپری شیئیٹ کرتا ہوں، اپنی اسی ضد کو اپنی طاقت بنا لیں، اس کو مثبت انداز میں اپلائی کریں، اپنے لیے کسی اعلی مقصد کا تعین کریں، اور پھر اس کے حصول کے لیے، اپنی پوری ضدی صلاحیتوں و توانائیوں کے ساتھ جت جائیں، ڈٹ جائیں۔ آپ کی شخصیت، ان شاءاللہ منفی سے مثبت ہو جائیگی۔

Make or convert your weakness as your posative strength.

(Saeed Sahu)

An observational talk

(Matter of drug pic)

الحمداللہ، میں کچھ اورادویات کی طرح، ''کیپسیکم'' سے مماثل لوگوں کو بھی، دور سے آتے پہچان لیتا ہوں، یہ واک بھی کرنے جائیں، تو چل نہیں رہے ہوتے، بلکہ گھسٹ رہے ہوتے ہیں، اپنے آپ پر جبر کرکے چلتے ہیں۔ سرخ و سفید رنگت، موٹے، ڈھیلے ڈھالے اعضا و مسلز، سست و کاہل۔ یہ ''کیپسیکم'' ہے۔ آج صبح واک کرنے جارہا تھا، تو سامنے سے ایک سرجن صاحب، انھیں اوصاف کے ساتھ، مارننگ واک کرکے اپنے ہسپتال کی طرف آرہے تھے، تو مجھے کیپسیکم ریوائز ہوگئے۔ سوچا، آپ کو ریوائز کروادوں۔

رہے، سدا نام اللہ کا۔

(Saeed Sahu)

A general talk

(An idea,a thought)

(سوچ اور صحت)

انسان کی سوچ اور مزاج، اس کی صحت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ اعتدال، توازن یا میانہ روی سے ہٹ کر کوئی بھی چیز نقصان دہ ہے۔ انسان کو انسان ہی رہنا چاہیے، فرشتہ یا شیطان نہیں بننا چاہیے۔ اگر فرشتہ صفت بنے گا تو کارسینوسن کے فیز میں چلا جائیگا، اور اگر دل و دماغ میں منفی سوچیں پالے گا تو شیطانیت کی طرف، اور شیطانیت سے مماثل بھی بہت ساری ادویات ہیں۔ دونوں ابنارمیلیٹیز ہیں۔ توازن، اعتدال یا میانہ روی ہی صحت ہے۔

ایک لفظ ہے، ''سوءمزاجی''۔ سوءمزاجی کا مطلب ہے، اپنے فطری مزاج میں ترقی کرتے جانا۔ اور اپنے آپ کو غیر متوازن کرلینا۔ ایسے لوگ جو سوءمزاجی کا شکار ہوتے ہیں، وہ جلد کرانک امراض میں مبتلا ہوجاتے ہیں۔ اور جو اپنے آپکو متوازن رکھتے ہیں، وہ الحمداللہ، پیچیدہ امراض سے محفوظ رہتے ہیں۔ میں جب بھی غیر متوازن ہوتا ہوں، میرا رب، مجھے چابک مارکر سیدھا کردیتا ہے۔ الحَمْدُ لِلّٰہ

آپ کو میرے لکھے گئے ان پیراگرافس پر لاجک کیساتھ مثبت تنقید کا پورا حق حاصل ہے۔ میں اس سے سیکھنے کی کوشش کرونگا۔ ان شاءاللہ

(Saeed Sahu)

Mind & Homoeopathy

(Part 2)

(خوشامندیوں کے لیے خوشخبری)

خوشامندیوں کے لیے، خوشخبری یہ ہے، کہ وہ مکھن لگا کر، ان ادویات کے مماثل لوگوں سے کوئی بھی چیز، اینٹھ سکتے ہیں۔ اس کے لیے مائنڈ

ربرک ہے،

Mind flattered desire to be,gives everything,when flattered.

Lyco,Puls and Sulfur

(Saeed Sahu)

Mind & Homoeopathy

بعض لوگ، بلکہ زیادہ تر لوگ، شاباشی، تعریف، خوشامد یا چاہتے ہیں، کہ ان کے کام کو سراہا جائے، یہ نارمیلیٹی کی حد تو ٹھیک ہے، لیکن اگر یہ شدید خواہش بن جائے، تو اس کے لیے مائنڈ ربرک ہے۔

Mind longing for good opinion of others

اور بڑی ادویات ہیں۔ پلاڈیم، لائیکو وغیرہ۔

(Saeed Sahu)

Today's talk

اگر، آپ اچھے لرنر و ابزرور ہیں، تو آپ کو ہر پل، سیکھنے و پریکٹس کرنے کے مواقع دستیاب رہتے ہیں۔ الحمداللہ، مائنڈ میتھڈ و مائنڈ ربرکس کی سٹڈی و لرننگ سے، بہت کچھ سیکھنے کو ملا۔ آپ لائیکو کو صرف پاورلوور اور چوہدری کے طور پر ہی جانتے ہونگے، یہ مبالغہ آرائی کا بھی ماہر ہوتا ہے، اور کلکیریا کی طرح، اپنے آپ کو اس طرح کا بنا کر پیش کرتا ہے، جس طرح حقیقت میں ہوتا نہیں۔ لائیکو، پاورلوور تو ہوتا ہی ہے، لیکن ایٹ دی سیکنڈ اینڈ، یہ بزدل بھی ہوتا ہے۔ ریپرٹری کی ایک ربرک ہے،

Mind effeminate

لائیکو، اس کی بھی ریمیڈی ہے، اس میں مریض، بات کرتے ہوئے، زنخوں، یا زنانیوں کی طرح، ہاتھ نچا نچا کر، یا جیسے زنخے، بات کرتے ہوئے، ہاتھوں سے اشارے کرتے ہیں، یا انداز اختیار کرتے ہیں، لائیکو کی باڈی لینگویج بھی اس طرح کی ہوسکتی ہے۔ ہومیوپیتھی سے جڑے رہیے، ابزرو کرتے رہیے اور لرن کرتے رہیے۔

(Saeed Sahu)

A talk on politics

اگر، موجودہ ملکی سیاست و سیاستدانوں کا بغور مشاہدہ کیا جائے، تو زرداری جیسا، شارپ و کلیور، عمران خان کی طرح بولڈ و جوشیلا، اور چوہدری شجاعت کی طرح بردبار، موجودہ سیاستدانوں کی کھیپ میں نہیں ہے، اگر چوہدری شجاعت کو، ''ہومیوپیتھیکلی'' آجکل کے انکے خاندانی

حالات و بیماری کے تناظر میں دیکھا جائے ،تو وہ ،اگنیشیا و کارسینوسن کی پیور پکچر بنے نظر آتے ہیں،ان کی مانیٹرنگ،آج کل ان کی اولاد کر رہی ہے۔وہ بذات خود،دفاعی لحاظ سے کارسینوسن کی طرح مفلوج نظر آتے ہیں۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

درد کے ساتھ،متاثرہ اعضا کا سن ہونا بہت سی ادویات میں پایا جاتا ہے،میری یادداشت کیمطابق ،ایکونائٹ،کیمومیلا،رہسٹاکس،ایگزالک ایسڈ،نیفائیلم (درداورسن ہونا،ادل بدل کر) وغیرہ وغیرہ۔لیکن اگر یہ سن ہونا تھوڑے سے حصے میں یا سپوٹڈ ہو،تو چاہے بیماری کوئی ہی کیوں نہ ہو،پلاٹینا کی باقی علامات ضرور کنفرم کر لیجیے۔

(Saeed Sahu)

تم نے کسی کی خدمت کی ہوگی۔

ایک بزرگ کے پاس سونا بنانے کا فارمولہ تھا بادشاہ وقت نے اسے اپنے دربار پر دعوت دی اور کہا مجھے سونے کا فارمولہ بتایئے۔

بزرگ نے کہا جا اپنا کام کر میں نہیں بتانے جو کرنا ہے کرلو۔جس پر اسے بادشاہ کے سپاہیوں نے گرفتار کرلیا۔بادشاہ نے سپاہیوں سے کہا اس شخص کو جانے دو۔

* کچھ عرصہ گزرنے کے بعد بادشاہ نے اپنا روپ بدلا اور اس باباجی کی خدمت میں حاضر ہوا اور انہیں کہا کے ہم مسافر ہیں آپ کی صحبت و سنگت اور خدمت کرنا چاہتے ہیں۔باباجی نے کہا سو بسم اللہ۔*

ایک عرصہ خدمت کرنے کے بعد بادشاہ خدمت گار کے روپ میں بزرگ سے فارمولہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔بزرگ سونا بنانے کا فن اس خدمت گار مسافر کو سمجھا دیتے ہیں۔اس کے بعد مسافر رخصت ہوجاتا ہے۔

* کچھ عرصہ بعد بادشاہ نے دوبارہ اس باباجی کو دربار پر بلایا اور عرض کیا کے باباجی سونے کا فارمولہ دسو۔باباجی نے کہا نہیں دینا جو کرنا ہے کر لو۔اس پر بادشاہ نے کہا کے ہم نے تو فارمولہ حاصل کرلیا ہے۔*

اس پر بزرگ نے کہا ضرور تم نے کسی کی خدمت کی ہوگی۔تبھی تمہیں اس راز سے آشنائی دی گئی ہے۔

خواجہ خواجگان بابا عمر دین

An observational talk

ہر معاشرے میں طبقاتی تقسیم ہوتی ہے،اور مزاج و عادات کے لحاظ سے کئی طبقے پائے جاتے ہیں۔آیئے ان میں سے کچھ طبقات

کو ہومیو پیتھک ریپرٹری کی مائنڈ ربرکس کے تناظر میں دیکھتے ہیں۔ ریپرٹری کی ایک ربرک ہے۔

1..Mind delusions wealth of

اس ربرک سے متعلق لوگ، دل کے راجا ہوتے ہیں، یہ تھوڑے کو بھی بہت سمجھتے ہیں، شکر کرنے والے لوگ ہوتے ہیں۔ یہ چیتھیڑوں میں بھی ہوں، تو اپنے آپ کو بادشاہ سمجھتے ہیں۔ ربرک سے متعلقہ ادویات کے لیے ریپرٹری دیکھیے۔

ایک اور ریپرٹری مائنڈ ربرک ہے۔

2..Mind delusions wealth of,,purchases and makes useless

اس ربرک سے متعلق، لوگ، بھی دولتمند ہونے کے واہمہ میں مبتلا ہوتے ہیں، یہ چیزیں خریدتے ہیں، اور پھر انھیں بیکار کر دیتے ہیں۔

ربرک نمبر 1 کے تھیم کی ایک الٹ ربرک ہے،

3..Mind ungrateful avarice from

اس ربرک سے متعلق، لوگ ناشکرے وحریص ہوتے ہیں، یہ تجوریاں بھرے بیٹھے ہوتے ہیں، اور پوچھنے پر یا استفسار پر، کاروباری مندے کا رونا روتے ہیں، کہتے ہیں، بس گزارا ہے۔ ان سے متعلق، لوگوں کو جاننے کے لیے، زرار ریپرٹری تو کھولیے۔

(Saeed Sahu)

Todays talk

(Voyeurism)

(شہوت نظری)

آجکل انٹرنیٹ (سوشل میڈیا, فیس بک, وٹس ایپ) وغیرہ کے استعمال کے فوائد کے ساتھ ساتھ نقصانات بہت زیادہ ہیں. خاص طور پر ہماری نوجوان نسل بے حیاء اور شہوت انگیزی کی اس دلدل میں دھنس رہی ہے, جس سے نکلنا, ان کچے ذہنوں کے لیے بہت مشکل ہے. یہ **xxx movies** کو دیکھنے کے چسکے میں ایسا دھنستے ہیں, کہ پھر اس **addiction** سے نکلنا ان کے لیے محال ہو جاتا ہے. ایسے لوگ, جو اس دلدل سے نکلنا چاہتے ہوں. ہومیو پیتھی, انکی مدد کر سکتی ہے. اس عادت کو چھڑانے کی چار بڑی ادویات درج ذیل ہیں۔

1.Bufo rana

2.Hyosymus

3.Staphysagria

4..Silicea

جو اس قبیح عادت کو چھوڑنا چاہتے ہوں, وہ اپنے قریبی ہومیو پیتھ سے اپنی کیس ہسٹری کیساتھ رجوع کریں. اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد

رکھیں۔

(Saeed Sahu)

A general tip

ماہرین یوگا کا خیال ہے کہ اگر آپ نے اپنے آپ کو تا دیر فٹ، جاذب نظر اور چاق و چوبند رکھنا ہے تو یوگا آسنز سے، اپنی سپائن کو فلیکسیبل رکھیں۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

مرد حضرات میں، 50 سال کی عمر کے بعد، پراسٹیٹ انلارجمنٹ، پروسٹائٹس کے چانسز بڑھ جاتے ہیں، جس سے یورین فلو متاثر ہوتا ہے۔ برائٹا کارب، کلکیر یا فلور اور کونیم اہم ترین ادویات ہیں، جو یورین فلو کو، ریگولیٹ کر دیتی ہیں۔ دوسری اہم ادویات میں، میڈھو، تھوجا، سیبل، چمافیلا، فیرم پکرک، پلسٹلا، کارسینوسن اور ہیپر سلف وغیرہ نمایاں ہیں۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

اگر تیز بخار کے ساتھ، ہذیانی کیفیت ہو تو، آرسینک، بیلا اور سٹرامونیم کے علاوہ، ویریولینم کو بھی یاد رکھیں۔ ویریولینم کے بخار میں، شدت کے ساتھ، بدبودار پسینہ بھی پایا جاتا ہے۔

1..Delirium with high temperature.

2..Fever with intense radiating heat and profuse bad smelling sweat.

(Saeed Sahu)

An observational talk

ہومیوپیتھی میں، اچھا ہومیوپیتھ یا معالج وہ ہے، جو میرٹ یا ریزننگ پر ریمیڈی یا علاج تجویز کرتا ہو۔ جس کی پریکٹس نسخہ جات پر یا بلائنڈلی ہو، وہ کچھ اور تو ہو سکتا ہے، ایک اچھا ہومیوپیتھ نہیں۔ چاہے میں ہوں، یا کوئی اور، بڑے سے بڑا ڈاکٹر۔ اچھے معالج کا کیلیبر و کرائٹیر یا یہی ہے۔

سدا رہے نام، اللہ کا

(Saeed Sahu)

Today's talk

According to mind method,comparison between Lyco & Lachesis.

1..Power----Money----Industry----Capitalism----Right side-----Lycopodium

2..Love----Relation------Devotion-----Socialism----Left side-----Lachesis

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

میں نے آپ سے وعدہ کیا تھا، کہ مائنڈ میتھڈ کے تحت، آپ کو ایسی نادر مائنڈ ربرکس سے متعارف کراؤں گا، جو صرف اسی دوا کا خاصہ ہوگی، اور جس کے زریعے، آپ کسی کیس میں داخل ہوسکیں گے، تو آج کی ربرک ہے۔

Mind ambition increased best he will be the

اس ربرک کا مطلب ہے، کہ کوئی اتنا **ambitious** اور بااعتماد ہو کہ وہ یہ کہے سکے، کہ ان شاءاللہ، میں یہ کام کرلونگا، یا اس شعبہ زندگی میں، میں بہترین ہوں گا۔ جس طرح، میں اپنی کونسلنگ کرتا رہتا ہوں کہ میں اپنے شعبے، ہومیوپیتھی میں اتنی محنت کرونگا، کہ اپنے شعبے کا برینڈ نیم بن جائنگا، ان شاءاللہ، اس ربرک کی واحد دوا، ''کیوپرم میٹ'' ہے۔

(Saeed Sahu)

An observational talk

آپ پاکستانی تاریخ کا مشاہدہ وانیلیسس کرلیں، آپ کو ہر گئی حکومت، نئی آئی حکومت سے بہتر نظر آئیگی۔

(Saeed Sahu)

***Today talk*'**

ابھی تھوڑی دیر پہلے، فیس بک پر، کولمبیا کے بارے میں ایک ڈاکومینٹری دیکھنے کا اتفاق ہوا، جو کہ سائتھ امریکہ کا ایک ذیلی ملک یا سٹیٹ ہے، کولمبیا کے بارے میں بتایا گیا تھا کہ کولمبیا میں تقریباً ہر لڑکی، کم عمری میں ہی اپنا کنوارہ پن کھو بیٹھتی ہے، جنسی کرپشن عام ہے، یہاں تک

کہ محرم رشتوں تک کے تقدس تک کا بھی خیال نہیں رکھا جاتا۔ڈانس یا ناچ کود،ان کی گھٹی میں شامل ہے، جہاں پر میوزک بجتا، دیکھتے یا سنتے ہیں، وہیں پر مرد وخواتین، ڈانس کرنا شروع کر دیتے ہیں،فٹ بال کھیلنا،بھی ان کا محبوب مشغلہ ہے۔بتایا گیا کہ خودغرض قوم ہے۔دفاتر میں،اکثر خواتین باس ہوتی ہیں۔خوبصورتی و فٹنیس کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔میں نے ڈاکومیٹری دیکھنے کے بعد،ان کی مائنڈ ربرکس کو،ریپرٹرائز کیا،تو ٹیرنٹولا ہسپانیہ بطور ٹاپ ریمیڈی سامنے آئے،دوسری ریمیڈی ہایوسائمس قابل ذکر ہے۔ریپرٹرائزیشن چارٹ پیش خدمت ہے۔

(Saeed Sahu)

Clinical tip

عورت نما مرد۔۔پلسٹلا

مرد نما عورت۔۔۔سیپیا

(Saeed Sahu)

Matter of drug pic

ٹھنڈے جسم، ماتھے کی ٹھنڈی تریلی اور گھبراہٹ کے ساتھ،

قبض ہوں یا اسہال، قے

ٹھنڈے پانی کی پیاس

بلڈ پریشر لو ہو یا ہائی

پاگل پن، غصے میں کپڑے پھاڑے، چیزیں توڑے

مذہبی جنون وغرور

کمزوری

وریٹرم البم جسٹیفائی ہو جاتی ہے۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeutic

ہومیوپیتھی، انسانوں کے ساتھ ساتھ، جانوروں کے لیے بھی نعمت خداوندی ہے، الحَمْدُ لِلّٰہ-

آج صبح صبح ،قریبی دیہاتوں سے دو فارمرز نے مجھے وزٹ کیا، پہلے فارمر کا کہنا تھا کہ اس کی بھینس کو ڈیلیوری کے بعد، تھنوں کو انگیاری (میسٹائٹس، انفلامیشن) ہوگئے ہے،تھن وٹے کی طرح سخت ہیں،ایک تھن سے دودھ کے ساتھ چھڈ یاں،پھٹکیاں بھی آرہی ہیں۔استفسار پر بتایا گیا کہ تھن، پتھر کی طرح سخت،قدرے سرخی مائل اور باقی جسم سے گرم ہیں،ان کیفیات میں، بیلا ڈونا سے اچھی تجویز، بھلا کیا ہوسکتی ہے؟ پہلے دن بیلا کی اعلی طاقت میں، دوڈوزز،ایک گھنٹہ کے وقفے کے ساتھ، دینے کی ہدایت،اور اگلے دن سے ولی ہومیوکلینک کی اینٹی میسٹائٹس کی ریسرچ ڈوزز، روزانہ ایک ڈوز دینے کی تجویز۔الحمداللہ،پچھلے 25 سال سے،اینٹی میسٹائٹس ریسرچ ڈوزز سے، بند تھن بھی کھلتے اور فلو ہوتے دیکھے ہیں۔دوسرے فارمر کی گائے کا یوٹرس پر ولیپس کا مسئلہ ہے،اس کے لیے، ولی ہومیوکلینگ کی ریسرچ پر مبنی اینٹی پرولیپس ، کی چند ڈوزز ہی کافی ہونگی۔ان شاءاللہ،،،،اللہ تعالی کے کرم سے، ہمارا علاقہ ،ابھی لمپی سکن ڈیزیز سے بچا ہوا ہے، جہانیاں تک، کسسز کی رپورٹ ہے،اگر علاقے میں یہ وائرل ڈیزیز پھیلی تو ولی ہومیوکلینک کی ریسرچ ٹیم،ضرور اس پر،اپنی فارمولیشن متعارف کروائی گی۔

(Saeed Sahu)

A short but imp talk on Lycopodium

لائیکو،سیدھی بات کرنے کی بجائے، گھما پھرا کر بات کرنے کا عادی ہوتا ہے، دراصل وہ اپنی کمزوریاں دوسروں سے چھپانا چاہتا ہے،اور مبالغہ آرائی سے کام لیتے ہوئے ،اپنے آپ کو وہ ظاہر کرتا ہے، جو وہ اصل میں ہوتا نہیں۔دوران کیس ٹیکنگ ، جب آپ اس سے اسکی کوئی کمزوری یا ایسی علامت پوچھنا یا کنفرم چاہیں گے،تو وہ درست جواب دینے کی بجائے ،کھیسانی ہنسی ہنستے ہوئے، بات کو گھمانے کی کوشش کرے گا۔

(Saeed Sahu)

A talk on veterinary

پاکستان میں،آجکل مویشیوں کی ایک بیماری لمپی سکن ڈیزیز نے ڈیرے ڈالے ہوئے ہیں، یہ ایک وائرل ڈیزیز ہے، جو انسیکٹ وفلائیز بائیٹنگ سے پھیلتا ہے۔ابھی تک مجھے،ایسے کسی جانور کو ٹریٹ کرنے کا موقع نہیں ملا،لیکن روٹ کاز وعلامات کو سامنے رکھتے ہوئے، جو ادویات، ذہن میں آتی ہیں، وہ آپ سے شیئر کرلیتا ہوں۔

Ledum pal,Urtica uren,Staphy,Anthracinum,Tarentula cub,Thuja etc.

اگر گورنمنٹ،اس بیماری پر قابو پانے کے لیے، ہومیوپیتھس کو فیسیلیٹیٹ کرے،تو بیزبان جانوروں کے اس مرض کو ختم کیا جاسکتا ہے،

ان شاءاللہ

(Saeed Sahu)

A talk on drug pic

سیڑھی پر چڑھا کر،سیڑھی کھینچ لینے والے کا جیومیٹریکل پلان یا تھیم،کس ریمیڈی کا ہو سکتا ہے؟اس جیومیٹریکل پلان پر فرد،افراد،تنظیم،ادارے یا ممالک میں سے کوئی بھی ہوسکتا ہے،آپ بس،ذہن میں آنے والی،''ریمیڈی'' کمنٹ کیجیے،اور اس ہومیوپیتھک پزل کا حصہ بن جایئے۔

(Saeed Sahu)

A talk on therapeitc

پڑھائے میں کمزور یا ڈل بچوں کے مسائل کا حل،آپ کو ریپرٹری کی ایک مائنڈ ربرک

Mind studying difficult

اور کراس ربرکس میں مل جائے گا۔آپ اس سے مستفید ہوکر بچوں کا مستقبل سنوار سکتے ہیں،ان شاءاللہ

(Saeed Sahu)

Clinical tip of the day

Gelsimium is undoubted remedy for diarrhoea from bad news hearing after.

(Saeed Sahu)

Mind method & Homoeopathy

''جلیبی'' کی طرح کے لوگ (تضادات کا مجموعہ) اکثر،''لائیکوپوڈیم'' ہوتے ہیں۔

(Saeed Sahu)

Todays talk

اگر،آپ کی بیوی،''ایپس''

ہےتوایک لحاظ سے یہ بات آپ کی فیور میں جاتی ہے کہ یہ(Honey bee) آپ کو ہروقت کسی نہ کسی کام میں مصروف نظر آئیگی۔
اگرکسی خاتون کے ہاتھ سے چیزیں گرتی رہتی ہیں،اور برتن ٹوٹتے رہتے ہیں،کچن سے ٹھاہ پھاہ کی آوازیں آتی رہتی ہیں،تو تب بھی ایپس،بووسٹایا اگیریکس میں سے علامات کے مطابق کوئی ایک دے کراپنے باورچی خانہ کومحفوظ بنایئے

(Saeed Sahu)

اسلام وعلیکم آل ہومیوڈاکٹرز!

ڈاکٹرسعیداخترسہوصاحب نے ہومیوپیتھی کے لیے بہت محنت کی ہےاورانہوں نے ہم سب کے لئے شوشل میڈیاپر بہت نالج شیئرکیا ہے ۔ہمارے دعاہیں کہ اللہ پاک حضور پاک ﷺ کے صدقے سرڈاکٹرسعیداخترسہوصاحب کےعلم،عمل،کام،شام،جان،مال،عزت وآبرو میں مزیداضافہ فرمائیں اورآپ کا سایہ ہمارےاوپراورہومیوپیتھی پر ہمیشہ قائم ودائم رکھیں۔آمین
ڈاکٹرسعیداخترسہوصاحب کانالج ماشاءاللہ 2015 سے 2022 تک بہت زیادہ ہے۔اورسہگل مائنڈمیتھڈگروپ کے دوستوں کے بہت زیادہ اصرار پراورخاص کرمجھےعزت دیتے ہوئے ڈاکٹرسعیداخترسہوصاحب اپنے نالج کوکتاب کی شکل دینے کے لئے راضی ہوگئے ہیں اوریہ نہ صرف ہمارے لئے بالکل آنے والےوقت کےڈاکٹر کے لئے بھی مشعل راہ ثابت ہوگئی۔
میں نے جو پی ڈی ایف بنائی ہے یہ دریار سےایک قطرہ لیا ہے باقی انشاءاللہ آپ سب کی دعاؤں سے بہت جلدڈاکٹرسعیداخترسہوصاحب کا تمام نالج کتابوں کی شکل میں آپ کے مین ٹیبل پر ہوگا۔ڈاکٹرسعیداخترسہوصاحب کا نالج ایک کتاب میں نہیں بالکل بہت سی کتابوں میں محفوظ کیا جائے گا۔آپ ڈاکٹرسعیداخترسہوصاحب کے دریامیں سے بس ایک قطرہ قبول کریں اورتھوڑا انتظار کریں بہت جلد کتابی شکل آپ کے پاس ہوگی۔

.....

ہومیوپیتھک ڈاکٹرمحمد طاہرشہزادآف جڑانوالہ ضلع فیصل آباد 0301-7043631

https://www.facebook.com/drshahzad631/

https://www.youtube.com/channel/UCRLDqfqAj2ZunRK9O8YZAOw

.....

ڈاکٹرسعیداخترسہوصاحب0304-7169184

https://www.facebook.com/drsaeed.sahu

https://www.facebook.com/groups/383516622439858/user/100010699984750/